مائیگرنٹ ریسورس سنٹر
MIGRANT RESOURCE CENTRE

UKRAINE

اہم اطلاع

خاص طور پر خواتین جو اس وقت یوکرین کی سرحدوں سے نکلنے کی کوششیں کر رہی ہیں، ہیومن ٹریفکنگ کے بڑے خطرے سے دوچار ہوسکتی ہیں ۔ بہت سے لوگ سواری یا پناہ گاہ کی پیش کش کرتے ہیں لیکن کسی پر بھی بھروسہ کرنے سے پہلے اپنی تسلی کریں اور ہر قدم پر محتاط رہیں۔

خود کو محفوظ رکھنے کے لیے مندرجہ ذیل ہدایات پر عمل کریں

- اپنے تمام ضروری دستاویزات کی تصاویر یا سکین کاپی اپنے فون میں محفوظ رکھیں اور ایک کاپی اہل خانہ/دوستوں کو ای میل بھیج دیں۔ بارڈر گارڈ کے علاوہ کسی اور کو اپنا اصلی پاسپورٹ یا شناختی دستاویزات نہ دیں۔
- ٹیکسی /بس یا کسی ٹرانسپورٹ میں سفر کرنے سے پہلے ڈرائیور کے لائیسنس ،آئی ڈی کی تصویر کھینچیں اور اپنے کسی رشتہ دار/ دوست کو بھیج دیں ۔ اور اپنے سفر کے بارے میں اہل خانہ کو گاہے بگاہے آگاہ کرتے رہیں ۔
- نقدی اپنے پاس متعدد جگہوں پر چھپاکر رکھیں۔ اپنے کریڈٹ اور ڈیٹ کارڈ کے نمبر یاد رکھیں ۔
- اپنے اہل خانہ ،دوستوں کے فون نمبر بھی یاد رکھیں جو ایمر جنسی کی صورتحال میں آپکی مدد کر سکیں ۔
- اہل خانہ کے ساتھ کوئی کوڈ ورڈ تیار کریں تاکہ آپ خطرے یا ایمرجنسی کی صورتحال میں انکو کوڈ ورڈ کے ذریعے اطلاع دے سکیں ۔
- اگر آپ ٹھہرنے کے لیے کسی ایسی جگہ پہنچ جاتے ہیں جو آپکو محفوظ نہیں لگتی تو وہاں مت ٹھیریں
- اگر آپ کسی اور کو یوکرین چھوڑنے میں مدد فراہم کررہے ہیں تو پہلے ہی ویسٹرن یونین ،یا دیگر رقم منتقل کرنے والی سروسز کو جان لیں تاکہ آپ کسی کو بھی فوری مدد فراہم کر سکیں ۔

pakmrc | @mrc_pak | mrc-pak | info@mrc.org.pk | www.mrc.org.pk
0304-111-2-123